نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت کمشنر آفس ڈیرہ غازی خان میں ڈویژنل کاٹن مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد

لاہور13اگست 2023 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی فصل نازک مرحلہ میں داخل ہو چکی ہے۔آئندہ دو ہفتے کپاس کی مینجمنٹ کے اعتبار سے اہم ہیں۔زراعت توسیع کا عملہ فارمر آؤٹ ریچ پروگرام کو مزید بہتر بنائے اور کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ ،سرویلنس اور ضرر رساں کیڑوں کے حملہ کے بروقت کنٹرول کے ساتھ پودوں کی غذائی ضروریات کے مطابق کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کرے۔انھوں نے مزید کہا کہ ریونیو عملہ کو زراعت توسیع کی فیلڈ سرگرمیوں کے کاونٹر چیک پر تعینات کیا جائے ۔کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے محکمہ آبپاشی آئندہ 15 روز تک کھیتوں کے ٹیل اینڈ تک پانی کی فراہمی یقینی بنائے ۔وہ آج کمشنر آفس ڈیرہ غازی خان میں ڈویژنل کاٹن مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے ۔اجلاس میں کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن ناصر محمود بشیر، ڈپٹی کمشنرز شاہد زمان لک،سلمان خان لودھی، ڈاکٹر منصور بلوچ، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر احمد،ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈیرہ غازی خان مہر عابد و دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر لیہ خالد پرویز محمود اور زراعت توسیع لیہ کے افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں 9لاکھ 33ہزار ایکڑ رقبہ پر کاشتہ کپاس پیداواری مراحل میں ہے۔ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں سفید مکھی اور گلابی سنڈی کا حملہ کہیں کہیں مشاہدہ میں آیا ہے لیکن وہ نقصان کی معاشی حد تک نہیں آیا ہے اور رپورٹ ملنے پر زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کی ٹیمیں اس کا فوری تدارک کر رہی ہیں۔ڈیرہ غازی خان میں 20فیصد کاشتہ رقبہ پر اگیتی کپاس کی چنائی کا عمل جاری ہے اور اب تک 85 ہزار 2سو 78 کپاس کی گانٹھیں جیننگ فیکٹریوں میں پہنچ گئی ہیں ۔ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں تا حال 30جیننگ فیکٹریاں کام کر رہی ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کپاس کے جن علاقوں میں ہاٹ ایئریا رپورٹ ہوئے ہیں وہاں ڈویژنل ڈائریکٹرز اپنی نگرانی میں سپرے کروانے اور جیننگ فیکٹریوں میں کپاس کی آمد و ترسیل کا مکمل ریکارڈ مرتب کرنے کی ہدایت کی تا کہ ان نتائج کی روشنی میں آئندہ فصل کے لئے بہتر حکمت عملی تیار کی جا سکے۔انھوں نے کہا کہ آئندہ دو ہفتے کی محنت اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے ہم ڈیرہ غازی خان ڈویژن سے مقرر کردہ پیداواری ہدف حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔

☆☆☆☆